http://www.howtoexam.com

W-42

This question paper consist of (5) pages

(Inclding cover page)

UNIVERSITY OF HYDERABAD

ENTRANCE EXAMINATION- 2011

M.Phil URDU

Time: 2 Hours　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　Maximum Marks: 75

HALL TICKET No: [ ]

INSTRUCTIONS:

1 Write your Roll No. in the appropriate space provided above.

2. Candidates are prohibited from writing thier names or any distinctive mark, religious or any type leading to disclosure of their identity in any part of the answer book.

3. The question paper should be attached to the main answer book .

4. There will be nagative marking of 1/3 mark for every wrong answer in part A.

ہدایات:

۱۔ اوپر دیئے گئے خانے میں اپنا رول نمبر درج کیجئے۔

۲۔ جوابی بیاض میں کہیں اپنا نام، یا کوئی امتیازی نشان، مذہبی یا کسی نوعیت کا درج کرنا منع ہے۔

۳۔ حصہ الف اور حصہ ب کے تمام سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔

۴۔ ہر سوال کے نشانات اس کے محاذی درج ہیں۔

۵۔ حصہ الف میں (25) آبجکٹیو ٹائپ سوالات ہیں۔ ہر سوال کے لئے ایک نمبر مختص ہے۔ ہر غلط جواب کی صورت میں 1/3 نمبر منہا کیا جائے گا۔

۶۔ سوالات کا پرچہ جوابی بیاض کے ساتھ منسلک کر دیجئے۔

Cont.....2

Solved question paper, guess paper, 10 year, 5 year question bank, paper patterns

http://www.howtoexam.com

W-42

ح

Part-A حصہ الف

سوال (ا) درج ذیل تمام سوالات کے جواب مطلوب ہیں۔صحیح جواب محاذی خانے میں لکھیے۔ 1x25 = 25

(1) ماہرین لسانیات نے ہند آریائی زبانوں کو کتنے ادوار میں تقسیم کیا ہے؟
(A) دو (B) تین
(C) چار (D) پانچ

(2) ان میں مغربی ہندی کی بولی کونسی ہے؟
(A) پالی (B) پراکرت
(C) ہریانی (D) لہندا

(3) ''گریز'' قصیدے میں کہاں آتا ہے؟
(A) ابتدا میں (B) تشبیب کے بعد
(C) مدح کے درمیان (D) قصیدے کے آخر میں

(4) کس کتاب کو اردو تنقید کی بوطیقا کہا جاتا ہے؟
(A) اردو شاعری پر ایک نظر (B) مقدمہ شعروشاعری
(C) اردو تنقید کا ارتقا (D) تنقید کیا ہے

(5) ان میں (اٗ) کی شکل رکھنے والی بولی کونسی ہے؟
(A) بندیلی (B) برج
(C) قنوجی (D) ہریانی

(6) کرشن چندر کے اولین افسانوی مجموعہ کا کیا نام ہے؟
(A) طلسم خیال (B) نظارے
(C) ان داتا (D) زندگی کے موڑ پر

(7) ان میں للولال جی کی تصنیف کونسی ہے؟
(A) شکنتلا (B) سنگھاسن بتیسی
(C) آرائش محفل (D) باغ اردو

(8) نیچرل شاعری کا نظریہ کس نقاد نے پیش کیا؟
(A) احتشام حسین (B) آل احمد سرور
(C) کلیم الدین احمد (D) الطاف حسین حالی

Solved question paper, guess paper, 10 year, 5 year question bank, paper patterns

http://www.howtoexam.com

W-42

(9) کس شاعر کے کلام کو شمال اور جنوب کے درمیان لسانی و ادبی پل قرار دیا گیا؟

(A) غواصی (B) وجہی
(C) ولی (D) نصرتی

(10) "ذکرِ میر" کا تعلق کس صنف سے ہے

(A) تذکرہ (B) خودنوشت
(C) تاریخ (D) رپورتاژ

(11) "سیاہ حاشیے" کس کا افسانوی مجموعہ ہے؟

(A) راجندر سنگھ بیدی (B) کرشن چندر
(C) سعادت حسن منٹو (D) پریم چند

(12) ذیل میں رشید احمد صدیقی کے قول کی نشاندہی کیجیے۔

(A) غزل اردو ادب کی آبرو ہے (B) غزل اردو شعر و ادب کی آبرو ہے
(C) غزل اردو شاعری کی آبرو ہے (D) غزل اردو زبان و شاعری کی آبرو ہے

(13) یہ شعر کس کا ہے؟

عجب کچھ لطف رکھتا ہے شب خلوت میں گل روسوں ...... خطاب آہستہ آہستہ، جواب آہستہ آہستہ

(A) حسرت موہانی (B) شکیل بدایونی
(C) میر تقی میر (D) ولی

(14) حالی نے شاعر کے لیے کن شرطوں کو ضروری قرار دیا ہے؟

(A) تخیل، سادگی، جوش (B) سادگی، تخیل، تفحص الفاظ
(C) تخیل، مطالعہ کائنات، جوش (D) تخیل، مطالعہ کائنات، تفحص الفاظ

(15) ان میں کونسا افسانوی مجموعہ ضبط کیا گیا؟

(A) پریم پچیسی (B) دانہ و دام
(C) انگارے (D) واردات

(16) اقبال نے "خودی" کی مختصر تعریف کیا بتائی ہے؟

(A) تعین ذات و احساس خودی (B) احساس نفس و عشق خدا
(C) احساس نفس و تعین ذات (D) تعمیر خودی و رضائے الٰہی

Solved question paper, guess paper, 10 year, 5 year question bank, paper patterns

W-42

(17) کس شاعر کے وطن کے بارے میں اختلاف رائے پایا جاتا ہے؟
(A) میر تقی میر (B) ولی
(C) وجہی (D) خواجہ میر درد

(18) میر انیسؔ نے لکھنو کے باہر کہاں مرثیہ پڑھا؟
(A) کلکتہ (B) دہلی
(C) علی گڑھ (D) حیدر آباد

(19) شبلی نے کس کتاب کو "مدلل مداحی" کہا؟
(A) حیات سعدی (B) یادگار غالب
(C) مسدس حالی (D) حیات جاوید

(20) ہند آریائی زبان کا پہلا نقش ہمیں کس کتاب میں ملتا ہے؟
(A) اتھروید (B) سام وید
(C) رگ وید (D) رامائن

(21) "اردو افسانہ روایت اور مسائل" کا مرتب کون ہے؟
(A) شمس الرحمٰن فاروقی (B) گوپی چند نارنگ
(C) عتیق اللہ (D) ارتضیٰ کریم

(22) "سیف وسبو" کس شاعر کا مجموعہ کلام ہے؟
(A) یگانہ چنگیزی (B) فراق گورکھپوری
(C) جوش ملیح آبادی (D) شاد عظیم آبادی

(23) کس نثری صنف کو دماغ کی ترنگ کہا جاتا ہے؟
(A) خاکہ (B) انشائیہ
(C) رپورتاژ (D) داستان

(24) "چراغ تلے" کا مصنف کون ہے؟
(A) مشتاق یوسفی (B) پطرس بخاری
(C) مجتبیٰ حسین (D) یوسف ناظم

(25) زمانی اعتبار سے صحیح زمرے کی نشان دہی کیجیے۔
(A) علی گڑھ تحریک، ترقی پسند تحریک، رومانی تحریک، جدیدیت
(B) رومانی تحریک، علی گڑھ تحریک، ترقی پسند تحریک، جدیدیت
(C) ترقی پسند تحریک، علی گڑھ تحریک، جدیدیت، رومانی تحریک
(D) علی گڑھ تحریک، رومانی تحریک، ترقی پسند تحریک، جدیدیت

HowToExam.com

http://www.howtoexam.com

W-42

Part - B حصہ "ب"

سوال II اردو نثر پر علی گڑھ تحریک کے اثرات کی نشاندہی کیجئے۔ 15

یا

داستانوں کی تہذیبی اہمیت اجاگر کیجئے۔

سوال III جدید اردو شاعری کے آغاز وارتقاء پر روشنی ڈالیے۔ 15

یا

مقدمہ شعر وشاعری کی روشنی میں حالی کی تنقید کے اساسی پہلوؤں اور ترجیحات کا احاطہ کیجئے۔

سوال IV کوئی دو پر نوٹ لکھیے۔ 20

(1) نصرتی بہ حیثیت قصیدہ نگار

(2) غالب کی عظمت کا راز

(3) اردو انشائیہ

(4) اردو میں علامتی اور تجریدی افسانہ

——— × ———

HowToExam.com

Solved question paper, guess paper, 10 year, 5 year question bank, paper patterns